تم میں سے کوئی شخص ایک ہی جوتا پہن کر نہ چلے؛ یا تو دونوں جوتے پہن لے یا دونوں ہی اتار دے

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”تم سے کوئی شخص ایک ہی جوتا پہن کر نہ چلے؛ یا تو دونوں جوتے پہن کر چلے یا دونوں ہی اتار دے“
[صحیح] [متفق علیہ]

نبی کریم ﷺ نے ایک جوتے میں چلنے سے منع فرمایا ہے اس لیے آدمی یا تو دونوں جوتےپہن کر چلے یا دونوں ہی اتارد اور ننگے پیر چلے یہ ادب اسلامی شریعت کی گہرائی و گیرائی اور انسانی زندگی کے تمام شعبوں کا کمال درجے احاطہ کرنے کے بارے میں پائے جانے والے دیگر دلائل میں سے ایک بڑی دلیل ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5369